دارالفکر کے پرنسپل قاری کمال الدین نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا

کثیر تعداد میں سوگواروں کی موجودگی میں ادارہ کے صحن میں سپرد خاک

REDMI NOTE 8
AI QUAD CAMERA

بہرائچ(ایس این بی) المرکز الاسلامی دار الفکر کے پرنسپل مولانا قاری کمال الدین کا طویل علالت کے بعد پی جی آئی لکھنؤ میں کل جمعہ کی شب تقریباً دو بجے انتقال ہوگیا۔ ان کی عمر تقریباً 55 برس تھی۔ قاری کمال الدین کے انتقال کی اطلاع جنگل میں آگ کی طرح بہرائچ کے علاوہ شراوستی، گونڈہ اور بلرام پور اضلاع میں پھیل گئی اور مختلف دینی اداروں کے ذمہ داران اور علماء و طلباء دارالفکر پہنچنا شروع ہوگئے۔ ان کا جسد خاکی لکھنؤ سے بہرائچ لایا گیا اور المرکز الاسلامی دارالفکر میں لوگوں کی دیدار کے لئے رکھا گیا۔ بعد نماز عصر ادارہ کے سربراہ و بانی مولانا صدیق حسن قادری کی اقتداء میں نماز جنازہ ادا کی گئی اور ادارہ کے صحن میں ہی کثیر تعداد میں سوگواروں کی موجودگی میں تدفیل عمل میں آئی۔ پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ دو بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے۔ مرحوم کی تدفین میں بطور خاص سابق ریاستی وزیر یاسر شاہ، سابق ممبر کونسل حاجی املاک خاں، سابق چیئرمین تیجے خاں، شاہی مسجد درگاہ سید سالار مسعود غازی کے امام مولانا ارشد القادری، سید شمشاد احمد ایڈوکیٹ (صدر درگاہ انتظامیہ کمیٹی) عظمت اللہ گرداور، دلشاد احمد ایڈوکیٹ، علیم الحق، معروف صحافی عبد الرحمٰن بچے بھارتی، مولانا معین الدین، معروف تاجر عبدالوحید، حاجی اسلم، گلہ منڈی تاجر یونین کے سکریٹری شکیل مکرانی، کونسل راجو خان، چاند بابو، ایس پی رہنما ندیم۔ حق تتو کے علاوہ بہرائچ، شراوستی، گونڈہ اور بلرام پور اضلاع کے مختلف دینی اداروں کے اساتذہ، طلباء و ذمہ داران کثیر تعداد میں موجود تھے۔

تعزیت: المرکز الاسلامی دارالفکر کے سربراہ مولانا صدیق حسن قادری نے مرحوم مولانا کمال الدین کو جذباتی خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کے انتقال سے ہمیں زبردست صدمہ پہنچا ہے وہ ادارہ کے بانیوں میں تھے۔ ان کے انتقال سے ہم تنہا ہوگئے ہیں۔ مرحوم کی حسین یادیں اور ان کی بے لوث قربانیاں ہمارا سرمایہ حیات ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ 22 اپریل کو جامع مسجد دارالفکر میں بعد نماز فجر مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی اور محفل میلاد کا انعقاد کیا جائے گا۔

اچانک لگی آگ سے درجنوں مکانات جل کر راکھ

8 بکریوں سمیت 10 مویشی بھی جھلس کر مر گئے

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) تحصیل وبلاک دھورہرا کے موضع سمدہا میں اچانک لگی آگ سے دو درجن سے زیادہ مکان جل کر راکھ ہوگئے۔ آگ اتنی خطرناک تھی کہ متاثرین اپنے تن پر پہنے کپڑوں کے علاوہ کچھ نہیں بچاسکے۔ گھروں کے اندر رکھا سارا سامان، غلہ، برتن، بستر وغیرہ جل کر راکھ ہوگیا۔ آٹھ بکریوں سمیت 10 مویشی بھی جل کر مرگئے۔

موصولہ تفصیلات کے مطابق تحصیل دھورہرا کے موضع سمدہا میں آج دوپہر قریب 12 بجے اچانک ایک گھر میں آگ لگ گئی۔ تیز ہوا کے سبب آگ نے چند لمحوں میں خطرناک رخ اختیار کرلیا اور دوسرے گھروں کو بھی اپنی زد میں لے لیا۔ متاثرین اپنے گھروں سے ایک تنکا بھی نہیں نکال سکے۔ آتشزدگی کے دوران نقدی، زیور، کپڑے، بستر و غلہ سمیت سارا سامان جل کر راکھ ہوگیا۔ رادھے کی ایک بھینس اور ایک پڑا جل کر مرگیا۔ للّی دیوی کی آٹھ بکریاں جل کر مرگئیں۔ دیکھتے ہی دیکھتے موہن، رادھے، ببجناتھ، رام بلاس، بابو، کیلاش، نرنجن، بھورے، سنیل، کریا، دنیش، راکیش، سکٹو ومنو وغیرہ کے گھر راکھ میں تبدیل ہوگئے۔ اطلاع ملنے کے بعد فائر بریگیڈ تاخیر سے پہنچنے کی وجہ سے گاؤں والوں نے کافی مشقت سے آگ پر قابو پایا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی حلقہ لیکھپال، قانون گو و نائب تحصیلدار وغیرہ گاؤں پہنچے اور آگ سے ہوئے نقصان کا تخمینہ کرتے ہوئے سرکاری امداد کے لیے رپورٹ حکومت وانتظامیہ کو بھیج دی ہے۔ آپ کو بتادیں کہ پچھلے تین چار دنوں سے ضلع کے کئی مقامات پر روزانہ آگ لگنے سے جہاں گھر جل کر راکھ ہورہے ہیں وہیں اب تک سیکڑوں بیگھہ گیہوں کی فصل بھی جل کر راکھ ہوچکی ہے۔

ڈی ای او نے ووٹر بیداری ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا

ووٹ ڈالنے میں سب کی شرکت ضروری: ڈی ایم

SVEEP
का गर्व
अवश्य डालें

شاہجہاں پور (ایس این بی) ضلع الیکشن افسر امیش پرتاپ سنگھ نے ووٹنگ کے دن یعنی 13 مئی کو زیادہ سے زیادہ ووٹ ڈالنے کے لئے ضلع کے ووٹروں کو آگاہ کرنے کے لئے ہفتہ کو کھرنی باغ کے کلچرل فورم گورنمنٹ انٹر کالج کیمپس سے غبارے اُڑا کر ووٹر بیداری ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ لوک سبھا عام انتخابات-2024 میں ضلع کے رائے دہندوں کو آگاہ کرنے کے لیے ووٹروں کو ان کے حق رائے دہی کے بارے میں آگاہ کرنے کے لیے ضلع الیکشن افسر امیش پرتاپ سنگھ کی قیادت میں SVEEP ووٹر بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ ووٹ ڈالنے کا جذبہ بیدار کرنے کے لیے ووٹر بیداری ریلی اپنی منزل کی جانب روانہ ہوئی۔ راستے میں لوگوں کو ووٹ ڈالنے کی ترغیب دینے والے میرا ووٹ میرا اختیار، انتخابات کا تہوار اور ملک کے لیے فخر کے نعروں والی تختیاں لے کر چل رہے تھے۔

ضلع الیکشن افسر نے کہا کہ جمہوریت کے استحکام کے لیے تمام شہریوں کی ووٹنگ میں شرکت ضروری ہے۔ انہوں نے شرکاء کو 13 مئی کو ہونے والی ووٹنگ میں حصہ لینے کی ترغیب دیتے ہوئے کہا کہ وہ خود کو اور اپنے اردگرد کے تمام شہریوں کو ووٹ ڈالنے کی ترغیب دیں۔ الیکشن کے کام میں حصہ لینے کے لیے بھی آگے آئیں۔ بیداری ریلی کے انعقاد کا مقصد زیادہ سے زیادہ ووٹ ڈالنے کی ترغیب دینا ہے، ووٹنگ کے دن ووٹرز گھروں سے نکلیں اور دھوپ اور گرمی کو نظرانداز کرتے ہوئے ووٹ ڈالنے کے لیے بوتھ پر جائیں۔ ضلع الیکشن افسر نے کہا کہ یہ دن پانچ سال میں ایک بار آتا ہے۔ اپنے حق رائے دہی کا استعمال یقینی بنائیں۔ ووٹنگ کی اہمیت بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع کے تمام ووٹرز جمہوریت کا عظیم تہوار منائیں۔ گاؤں اور شہروں کی مجموعی ترقی کے لیے ہر ووٹ اہم ہے۔ لوگوں نے ووٹر آگاہی کے مقام پر سیلفی اسٹینڈ پر ووٹر آگاہی سیلفیز بھی لیں۔ اس دوران چیف ڈیولپمنٹ آفیسر اپراجیتا سنگھ اور متعلقہ افسران موجود تھے۔

سڑک حادثہ میں دو لوگوں کی موت

بریلی(ایس این بی) شادی کی تقریب میں شرکت کرکے ای رکشہ سے واپس لوٹ رہے دو لوگوں کی ای رکشہ پلٹ جانے کے سبب موت ہوگئی۔ بتایا جاتا ہے کہ تھانہ بھوجی پورہ علاقہ کے گاؤں بلوا کے رہنے والے ارجن نامی شخص کی بارات قریبی گاؤں ترا گئی تھی گزشتہ شب شادی میں شرکت کے بعد کچھ لوگ ای رکشہ سے گھر واپس لوٹ رہے تھے کہ نند گاؤں کے قریب ای رکشہ پنچر ہوجانے کی وجہ سے اچانک پلٹ کر کھیت میں جا گری۔ اس حادثہ میں دولہا کے چچا راجو اور ای رکشہ کے ڈرائیور کی موت ہوگئی۔

موٹر سائیکل سوار کی موت، بھتیجا شدید زخمی

بہرائچ(ایس این بی) بہرائچ-بلرام پور روڈ پر دھرسواں کے قریب ایک تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی۔ جس کی وجہ سے نوجوان کی موت ہوگئی۔ جبکہ بھتیجا زخمی ہوگیا۔ حادثہ ہوتے ہی ڈرائیور گاڑی سمیت فرار ہوگیا۔ پولیس نے زخمیوں کو میڈیکل کالج میں داخل کرایا ہے۔ لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ ریسیا تھانہ کے سسئی سلون ساکن 28 سالہ اوم پرکاش ولد چھبر کی سسرال شراوستی ضلع کے گیلولا تھانے کے گمدا گاؤں میں جمعہ کی رات ایک تقریب میں حصہ لینے کے لیے وہ اپنے بھتیجے 22 سالہ دیوراج ولد تلسی رام کے ساتھ بائیک پر گئے تھے۔ پروگرام میں حصہ لینے کے بعد دونوں دیر رات بائیک سے گھر آرہے تھے جیسے ہی موٹر سائیکل کوتوالی کے دھرسواں پہنچی مخالف سمت سے آرہی ٹرک نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی۔ جس کی وجہ سے اوم پرکاش کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ جبکہ دیوراج زخمی ہوگیا۔ حادثہ ہوتے ہی ڈرائیور گاڑی سمیت فرار ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی کوتوال برجیندر کمار مشرا، رائے پور راجہ پولیس چوکی کے انچارج اشوک کمار پولیس فورس کے ساتھ موقع پر پہنچے۔ زخمیوں اور لاش کو کو میڈیکل کالج بھیج دیا گیا۔

اعلیٰ حضرت نے پوری زندگی عشق رسولؐ میں گزاری: حضور احمد

دارالعلوم غوث الوری میں منایا گیا جشن یوم رضا

شاہجہاں پور (ایس این بی) دارالعلوم غوث الوری میں تعلیمی آغاز کے موقع پر 10 / شوال المکرّم ہفتے کے دن کو یوم رضا کے طور پر منایا گیا۔ تقریب کا آغاز حافظ محمد شہامت رضا نے تلاوت قران سے کیا۔ حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے دارالعلوم کے پرنسپل وشہر پیش امام مولانا حضور احمد منظری نے کہا کہ 10 / شوال المکرّم 1872ھ مطابق 14 / جون 1856 کو حضرت علامہ نقی علی خاں رحمۃ اللہ علیہ کے گھر ضلع بریلی شریف محلّہ جسولی میں جس بچے کی پیدائش ہوئی وہ کوئی اور نہیں بلکہ وقت کا مجدد اعظم امام احمد رضا خان فاضل بریلوی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیائے اسلام وسنت کی ایک ایسی گراں قدر شخصیت جو سینکڑوں سال بعد کبھی پیدا ہوئی ہے، وہ یکتائے روزگار شخصیت حضرت علامہ امام احمد رضا خان فاضل بریلوی کی شخصیت ہے۔ جو عالم فقیہ، ماہر علوم کثیرہ، عاشق رسول اور وقت کے مجدد اعظم ہیں۔ آپ نے دین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کے لیے ایک ہزار سے زائد علوم و فنون پر کتابیں تصنیف فرمائی ہیں۔ آپ نے پوری زندگی عشق رسول میں گزاری۔ جب ناموس رسالت پر کوئی حملہ ہوا تو مسلک اعلیٰ حضرت اس کے سامنے ڈھال بنا ہے۔ اس دوران دارالعلوم کے طالب علم انیس احمد نے نعت پاک پیش کی۔ آخر میں صلاۃ وسلام کے بعد قوم وملت کی خوشحالی وسلامتی کے لیے دعا کی گئی۔ اس موقع پر مولانا محمد انیس رضا خان، مولانا محمد قاسم علی، حاجی محمد عمر خان قادری، حافظ محمد طاہر خان، حاجی ننھے، حاجی بشیر، حاجی کمال خان، سلیم فاروقی، محمد عرفان، محمد نعیم، حافظ ریحان، محمد فرقان وغیرہ موجود رہے۔

ایڈن پبلک اسکول میں حج تربیتی کیمپ کا انعقاد

شاہجہاں پور (ایس این بی) مدرسہ دارالصالحن آئینوں والی مسجد مہمند جنگلا و معین الحجاج کے زیر اہتمام ایڈین پبلک اسکول جھنڈا کلاں میں پہلا حج تربیتی پروگرام ہوا۔ جس میں عازمین حج 2024 کو حج کیسے کریں کے عنوان سے تربیت دی گئی۔

کیمپ میں مہمان خصوصی مولانا اسلام الحق اسجد میاں صدر وسطی زون اتر پردیش نے کلیدی خطاب کرتے ہوئے حج کے پانچ دن کی اہمیت و حج کرنے کے طریقوں پر تفصیل سے وضاحت کی۔

مولانا ومفتی اکرام اللہ نے سفر مدینہ منورہ پر خطاب کیا۔ جبکہ مولانا عظیم الدین قاسمی نے فرائض حج پر بیان کیا۔

پروفیسر سید محمد نعمان نے تکنیکی باریکیوں پر روشنی ڈالی۔ پروگرام کا افتتاح قاری اسعد نے تلاوت قرآن پاک سے کیا۔ مولانا عمران قاسمی نے نعت پاک پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔

کیمپ میں بڑی تعداد میں عازمین حج نے حصہ لیا۔ اس موقع پر سید رضوان احمد، شاہد انور قریشی، مولانا عبدالخالق، ماسٹر مجیب شامل رہے۔ پروگرام کو کامیاب بنانے میں مولانا فضل الرحمان، حاجی فرید، مولانا عبد الستار، سید غزوان نے اہم کردار ادا کیا۔

اسمرتی سنگھ نے 97 فیصد نمبر حاصل کرکے ضلع کا نام روشن کیا

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) گولا کے سرسوتی ودیا نکیتن انٹر کالج کی طالبہ اسمرتی سنگھ نے 97 فیصد نمبر حاصل کر انٹر کے امتحان میں ضلع ٹاپ اور یوپی ٹاپ 10 کی فہرست میں پانچواں مقام حاصل کرکے ضلع کے ساتھ ساتھ اپنے اسکول کا نام روشن کیا ہے- اسمرتی سنگھ سات سے آٹھ گھنٹے پڑھ کر اور موبائل انٹرنیٹ میڈیا سے دوری بنا کر اس مقام پر پہنچی ہیں- وہ مستقبل میں ڈاکٹر بن کر خدمت خلق کرنا چاہتی ہیں- حالانکہ ان دونوں اپنے بھائی کے ساتھ دہرادون میں رہ کر نیٹ کی تیاری کر رہے ہیں- اسمرتی نے ٹیلی فون پر بتایا کہ انہوں نے ہائی اسکول میں بھی 92 فیصد نمبر حاصل کرکے ضلع میں اسکول کا نام روشن کیا تھا- ان کے والد امریش سنگھ کی دو سال پہلے فالج اٹیک کے سبب موت ہوچکی ہے- وہ بھائی بہنوں میں سب سے چھوٹی ہیں- ان کا سب سے بڑا بھائی انو بھو سنگھ میلہ میدان میں برتن کی دکان کرتا ہے- اس سے چھوٹا بھائی ویبھو سنگھ دہرادون میں رہ کر ایم بی اے کرر ہا ہے- بہن ساکشی الہ اباد میں یو پی ایس سی کی تیاری کرر ہی ہے- ایک بھائی میلہ میدان میں ہی پلاسٹک کراکری کا سامان بیچتا ہے- اسمرتی سنگھ اپنے بھائی ویبھو کے ساتھ دہرادون میں رہ کر نیٹ کی تیاری کرر ہی ہے- شہر کے محلّہ اونچی بوڑھ میں رہنے والی ماں اندو جہ سنگھ نے بتایا کہ اسمرتی کے والد کی موت قریب دو سال پہلے فالج اٹیک کی وجہ سے ہوگئی تھی- انہیں خوشی ہے کہ انکی بیٹی نے ضلع ٹاپ کرکے لکھیم پور کھیری کا نام روشن کیا ہے-

فاطمہ گرلز انٹر کالج میں شفاء اور فریحہ خان نے کیا کالج ٹاپ

شفاء
فریحہ خان

شاہجہاں پور (ایس این بی) فاطمہ گرلز انٹر کالج کی طالبات نے بورڈ کے ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات میں شاندار کامیابی حاصل کی۔ انٹرمیڈیٹ کی طالبہ فریحہ خان بنت وجاہت اللہ خان اور غازیہ کوثر بنت یعقوب احمد نے 93.2 / فیصد نمبر لے کر کالج میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ شفا بنت شکیل احمد 93.0 / فیصد نمبر لے کر کالج میں دوسرے اور عقبہ ناز 88.8 / فیصد نمبر لے کر کالج میں تیسرے نمبر پر رہیں۔ وہیں ہائی اسکول میں شفاء بنت کوثر حسین نے 90.16 / فیصد نمبر لے کر کالج میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ نمرہ بنت سید محمد ارشد علی نے 89.66 / فیصد نمبر لے کر کالج میں دوسری اور محمد نبی خان کی بیٹی علینہ نے 89.16 / فیصد نمبر لے کر کالج میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ڈاکٹر سدا ما پرساد گرلس انٹر کالج کی طالبہ عمرہ نقیب بنت نقیب الدین خان نے 94.06 / فیصد نمبر لے کر کالج میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔

الماری کا تالا توڑ کر نقدی سمیت زیورات کی چوری

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) پلیا کلاں میں چوروں نے ایک گھر کو نشانہ بناتے ہوئے بڑی واردات کو انجام دیا ہے۔ چوروں نے الماری کا تالا توڑ کر اس میں رکھی نقدی اور لاکھوں مالیت کے سونے چاندی کے زیورات پر ہاتھ صاف کردیا۔ چوری کے واقعہ کا علم گھر والوں کو اس وقت ہوا جب وہ ایک پروگرام سے واپس گھر آئے۔ چوری کی اطلاع پاکر پولیس نے موقع کا معائنہ کرتے ہوئے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ ذرائع سے موصولہ تفصیلات کے مطابق کوتوالی وقصبہ پلیا کلاں کے محلّہ اکرام نگر میں رہنے والے سہیم ولد محمد سلیم کے گھر کو گزشتہ شب چوروں نے اپنا نشانہ بنایا۔ پولیس کو دی گئی تحریر میں سہیم نے کہا ہے کہ محلّہ ماہی گیران میں رہنے والے چچا کے گھر رات قریب آٹھ بجے گھر کے لوگ ایک پروگرام میں شامل ہونے کے لیے گئے ہوئے تھے۔ رات قریب 10 بجے سے 11 بجے کے درمیان نامعلوم چور گھر کے مین گیٹ وکمرے کا تالا توڑ کر اندر داخل ہوئے اور گھر میں رکھی الماری کا تالا توڑ دیا۔

شاہجہاں پور کے جتن گنگوار ریاست میں ہائی اسکول میں دسویں نمبر پر

شاہجہاں پور (ایس این بی) ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ امتحانات کے نتائج کا اعلان ثانوی تعلیمی بورڈ (یوپی بورڈ) نے ہفتہ کو کیا۔ ضلع میں ہائی اسکول کے امتحانات کا نتیجہ 85.54 / فیصد اور انٹرمیڈیٹ کا 81.81 / فیصد رہا۔ تلہر کے جتن گنگوار نے 96.83 / فیصد نمبروں کے ساتھ ہائی اسکول میں ریاست میں دسویں پوزیشن حاصل کی ہے۔ جتن نے 600 میں سے 581 نمبر حاصل کیے ہیں۔ ہائی اسکول کے امتحان میں ریاست میں دسواں مقام حاصل کرنے والے جتن گنگوار نے تناؤ سے پاک پڑھائی کو اپنی کامیابی کا راز قرار دیا۔ سرسوتی ودیا مندر انٹر کالج تلہر کے طالب علم جتن نے کہا کہ اس نے کوچنگ کے بجائے خود مطالعہ پر زور دیا۔ جتن کے مطابق وہ اسکول کے بعد گھر میں پانچ گھنٹے پڑھتا تھا۔ انہوں نے کھیلوں کے لیے بھی وقت نکالا۔ تفریح ?? کے لیے یوٹیوب کی مدد لیتا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ دیگر سوشل میڈیا سائٹس استعمال نہیں کرتے تھے۔ انہوں نے اپنی کامیابی کا سہرا اپنے والدین اور اساتذہ کو دیا۔ ثانوی تعلیمی بورڈ کے ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے لیے ضلع میں 124 / مراکز قائم کیے گئے تھے۔ ان تمام مراکز کے لیے 44121 / ہائی اسکول اور 35170 / انٹرمیڈیٹ امیدواروں کا اندراج کیا گیا۔ ان میں سے 41050 / طلباء نے ہائی اسکول اور 33228 / نے انٹرمیڈیٹ کے لیے امتحان دیا۔ ڈی آئی او ایس ہری ونش کمار نے بتایا کہ ضلع میں 35116 / ہائی اسکول اور 2718 انٹرمیڈیٹ امیدوار کامیاب ہوئے ہیں۔ انہوں نے کم نمبر حاصل کرنے والے اور فیل ہونے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی اور اچھے نمبر حاصل کرنے کے لیے محنت کی۔

عطاء الرحمان کے خلاف رپورٹ درج

بریلی (ایس این بی) بھارتیہ جنتا پارٹی کے کارکن جتیندر کمار نے تحصیل بہیڑی علاقہ کے ممبر اسمبلی عطاء الرحمان کے خلاف رپورٹ درج کرائی ہے۔ تھانہ دیورنیا کے علاقہ رہ پورہ غنیمت کے رہنے والے بھاجپا کارکن جتیندر کمار نے پولیس میں دی گئی تحریر میں کہا ہے کہ سماجوادی پارٹی کے بریلی پارلیمانی حلقہ کے امیدوار پروین سنگھ ایرن کے کاغذات نامزدگی داخل کرنے سے عین قبل 16 اپریل کو نہرو یووا کیندر میں منعقد پروگرام کے دوران عطاء الرحمان نے بھارتیہ جنتا پارٹی کے بریلی پارلیمانی حلقہ کے امیدوار چھتر پال گنگوار اور ان کے بھتیجے کو لٹیرا بتایا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے اپنی تقریر کے ذریعہ ہندو مسلمانوں کے مابین نفرت پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔

والدین کو بیدار کرنے کے لیے اسکولی بچوں نے ریلی نکالی

प्राथमिक विद्यालय- पयागपुर द्वितीय
यू डायस कोड- 09501400302

پیاگ پور، بہرائچ (ایس این بی) پیاگ پور ترقیاتی بلاک کے تحت پرائمری اسکول پیاگ پور سکنڈ کے اساتذہ نے ووٹر بیداری مہم اور اسکول چلو مہم کے تحت ایک ریلی نکالی اور اس پروگرام میں اساتذہ اور والدین نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ پروگرام کا انعقاد پیاگ پور ترقیاتی بلاک علاقے کے اے آر پی راجیش کمار مشرا اور پون کمار مشرا نے مشترکہ طور پر کیا۔ ریلی میں شریک بچوں نے اساتذہ کے ساتھ مل کر تعلیمی بیداری سے متعلق نعرے لکھے اور والدین کو اسکول چلو مہم کی ترغیب دی اور اساتذہ اور بچوں کی جانب سے نکالی گئی بیداری ریلی میں اساتذہ نے متاثر کن گیتوں کے ذریعے والدین کو محظوظ کیا۔

چھوٹے لال، عابد علی اور فرحت خاں کے کاغذات نامزدگی خارج

بریلی (ایس این بی) بہوجن سماج پارٹی کے بریلی پارلیمانی حلقہ کے امیدوار چھوٹے لال، گنگوار آنولہ پارلیمانی حلقہ کے امیدوار عابد علی اور اتحاد ملت کونسل کے حمایتی امیدوار فرحت خاں کے کاغذات نامزدگی خارج ہوگئے ہیں۔ واضح رہے کہ مذکورہ دونوں پارلیمانی حلقوں کے داخل کیے گئے کاغذات نامزدگی کی آج جانچ کی گئی تھی۔ آنولہ پارلیمانی حلقہ سے بہوجن سماج پارٹی کی جانب سے پہلے عابد علی نے نامزدگی داخل کی تھی اس کے بعد ستیہ ویر سنگھ نے بھی خود کو بہوجن سماج پارٹی کا امیدوار بتا کر آنولہ نشست سے اپنا کاغذ نامزدگی داخل کیا تھا۔ اس بنا پر عابد علی کا کاغذ نامزدگی خارج کیا گیا ہے۔ بریلی پارلیمانی حلقہ کے بی ایس پی امیدوار چھوٹے لال گنگوار نے جو بیان حلفی داخل کیا تھا اس کے کئی کالم پُر نہیں کیے گئے تھے۔ اس بنا پر ان کی نامزدگی خارج ہوئی ہے۔ بہوجن سماج پارٹی کے امیدواروں کے علاوہ بریلی پارلیمانی حلقہ سے فرحت خان جو کہ آل انڈیا اتحاد ملت کونسل کے ضلع صدر بھی ہیں نے اتحاد ملت کونسل کی حمایت پر اپنی نامزدگی داخل کی تھی ان کی نامزدگی بھی خارج ہوگئی ہے۔



بہرائچ: سنبل ناز نے ہائی اسکول میں 93.8 نمبر لا کر اسکول کا نام روشن کیا۔

ٹریزری افسر منتخب ہونے پر زوہا رضی اعزاز سے سرفراز

شاہجہاں پور (ایس این بی) جی ایف کالج کی مینجنگ کمیٹی کے صدر سید معین الدین نے آج کالج کی طالبہ زوہا رضی کو ٹیکس افسر منتخب ہونے پر اعزاز سے نوازا۔ واضح رہے کہ جب اتر پردیش پبلک سروس کمیشن کے نتائج کا اعلان ہوا تھا تو کسی سبب زوہا رضی کا ریزلٹ رکا ہوا تھا جس کا اعلان اب ہوا ہے جس میں انہیں ٹیکس افسر منتخب کیا گیا۔ اعزازی تقریب میں زوہا کو کو شال اور یادگاری تحفہ پیش کرتے ہوئے سید معین نے کہا کہ رکاوٹیں اور محرومیاں کبھی کامیابی کا راستہ نہیں روک سکتیں۔ زوہا نے اپنے جذبہ اور مقصد کے لیے اس بیان کو سچ ثابت کیا۔ مضبوط قوت ارادی، لگن اور خود اعتمادی کامیابی کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے زوہا اور اس کے والد رضی اللہ کو دلی مبارکباد اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ زوہا نے اپنی پہلی کوشش میں اتر پردیش یو پی پی اے سی کا امتحان پاس کیا ہے۔ اس نے گھر میں رہ کر تیاری کی۔ انہیں ٹریژری آفیسر کا عہدہ ملا ہے۔ زوہا نے اول پوزیشن کے ساتھ کیمسٹری میں ایم ایس سی کیا۔ اس سے قبل اس نے بی ایڈ، سی ٹی ای ٹی اور یو پی ٹی ای ٹی کے امتحانات بھی پاس کیے تھے۔ زوہا اپنی کامیابی کا سہرا اپنے والدین اور کالج کے اساتذہ کو دیتی ہیں۔ اس موقع پر کالج مینجمنٹ کمیٹی کے منیجر ملک عبدالواحد خان، پرنسپل ڈاکٹر محمد طارق، ڈاکٹر محسن حسن خان، سید انیس احمد، ڈاکٹر فیاض احمد سمیت کالج کا پورا عملہ موجود تھا۔

नि:शुल्क इलाज
कटे होंठ एवं तालू के मरीजों का
स्माइल ट्रेन के सौजन्य से
कटे होंठ एवं तालू के मरीजों के इलाज की नि:शुल्क सुविधा
SmileTrain
Changing the World One Smile at a Time
सुविधायें- ● नि:शुल्क ऑपरेशन ● टेढ़े-मेढ़े दांतों का इलाज ● स्पीच ● पोषण
डॉ. आसिफ मसूद
M.S. M.Ch. (प्लास्टिक सर्जन)
Dr. Isha Gulati
Orthodontist (MDS)
नि:शुल्क आपरेशन एवं रजिस्ट्रेशन के लिए सम्पर्क करें-
सावित्री हास्पिटल एण्ड रिसर्च सेन्टर
दिलेजाकपुर, गोरखपुर फोन : 0551-2346214, 15, 16
हर उम्र के मरीजों के लिए आपरेशन की सुविधा
HELP LINE No.8604917685